# روزگار میلہ۔نوکریاں، مہارتیں اور ترقی


Posted On: 12 JUL 2025 8:25PM

## Key Takeaways

- The first Rozgar Mela was held on **October 22, 2022**, with over 75,000 appointment letters distributed.
- So far, **16 editions of the Rozgar Mela** have been organised across the country.
- **More than 10 lakh recruitment letters** have been issued so far through the Rozgar Melas across the country.
- The latest 16th Rozgar Mela was held on July 12, 2025, at 47 locations across India.
- The highest single-day distribution was over **1 lakh appointment letters in February 2024.**

## تعارف

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 12 جولائی 2025 کو منعقدہ 16 ویں روزگار میلہ کے دوران سرکاری محکموں اور اداروں میں حال ہی میں بھرتی ہونے والے نوجوانوں کو 51,000 سے زائد تقرر نامے فراہم کیے۔روزگار میلہ ملک بھر میں 47 مقامات پر منعقد ہوا، جس کا مقصد نوجوانوں کو مرکزی حکومت کی مختلف وزارتوں اور محکموں میں شامل ہونے میں مدد فراہم کرنا تھا۔ نئے بھرتی شدہ امیدواروں نے وزارتِ ریلوے، وزارتِ داخلہ، محکمہ ڈاک، وزارتِ صحت و خاندانی فلاح و بہبود، محکمہ مالیاتی خدمات، وزارتِ محنت و روزگار سمیت کئی دیگر محکموں میں شمولیت اختیار کی ہے۔یہ اقدام حکومت کی جانب سے روزگار کے مزید مواقع پیدا کرنے اور ملک بھر میں افرادی قوت کو مضبوط بنانے کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔




ملک میں روزگار کے اقدامات کو فروغ دینے کے لیے، نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (این ایس ڈی سی)، جو وزارتِ مہارت ترقی و صنعت کاری (ایم ایس ڈی ای)، حکومتِ ہند کے تحت کام کرتی ہے، ملک بھر میں روزگار میلوں کا انعقا کر رہی ہے۔ان تقریبات کا مقصد بے روزگار نوجوانوں کو نجی شعبے میں موزوں ملازمت کے مواقع سے جوڑنا ہے۔




## روزگار میلہ: ایک نظر میں

روزگار میلہ ایک نصف روزہ پروگرام ہوتا ہے جہاں آجروں اور ملازمت کے خواہشمند افراد کو ایک جگہ جمع کر کے ملازمت کے مواقع کے لیے درخواست اور انٹرویو کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ اس روزگار کی حکمت عملی کا مقصد ملازمت کے متلاشی افراد اور آجروں کے درمیان فوری روابط قائم کرنا ہے۔ ان میلوں کے انعقاد کے لیے، نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (این ایس ڈی سی)، سیکٹر اسکل کونسلز (ایس ایس سیز) اور پردھان منتری کوشل کیندروں (پی ایم کے کیز) کے ساتھ نجی کمپنیوں کو اس میں شرکت کی دعوت دیتی ہے۔

روزگار میلوں کا بنیادی ہدف 18 سے 35 سال کی عمر کے نوجوان ہوتے ہیں، جن میں مختلف تعلیمی قابلیت رکھنے والے افراد شامل ہوتے ہیں جیسے کہ آٹھویں، دسویں، بارہویں جماعت پاس، آئی ٹی آئی، ڈپلومہ ہولڈرز، اور گریجویٹ امیدوار۔ اس میں وہ تربیت یافتہ اور تصدیق شدہ امیدوار بھی شامل ہیں جو نیشنل اسکلز کوالیفیکیشن فریم ورک (این ایس کیو ایف) کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔

روزگار کے خواہشمند افراد کو ان میلوں کے بارے میں مختلف ذرائع سے آگاہ کیا جاتا ہے، جن میں پرنٹ اشتہارات، اجتماعی ایس ایم ایس، سوشل میڈیا، اور متعلقہ ضلع میں کالجوں اور جامعات میں منعقدہ ورکشاپس شامل ہیں۔

روزگار کی فراہمی کے ساتھ ساتھ، روزگار میلوں میں کئی تکمیلی سرگرمیاں بھی شامل ہوتی ہیں، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- ملازمت کے خواہشمند نوجوانوں اور ان کے والدین کے لیے رہنمائی (کاؤنسلنگ) کے اجلاس
- کوشل میلوں کا انعقاد، تاکہ نوجوان نئی مہارتوں کی تربیت (پی ایم کے کے/ پی ایم کے وی وائی) کے لیے اندراج کرا سکیں
- مدرا قرضہ سہولت کاؤنٹرز اور مہارت کی نمائش، جہاں سیکٹر اسکل کونسلز (ایس ایس سیز) اپنے تربیتی ماڈلز، آلات، اور ملازمت کے شعبے پیش کرتے ہیں

این ایس ڈی سی کے زیر اہتمام روزگار میلوں کے علاوہ، اس سے منسلک ادارے جیسے کہ سیکٹر اسکل کونسلز، پردھان منتری کوشل کیندر، اور پی ایم کے وی وائی (پی ایم کے وی وائی) کے تربیتی شراکت دار بھی ملک بھر میں مختلف سطحوں پر 18 سے 35 سال کے نوجوانوں کے لیے روزگار میلے منعقد کرتے ہیں۔

## روزگار میلہ کے مقاصد

- نوجوانوں کو با اختیار بنانا
- نوجوانوں کو قومی ترقی میں شراکت داری کے مواقع فراہم کرنا
- ملازمت کے متلاشی افراد اور آجروں کے درمیان روابط کو تیز کرنا
- ملک بھر میں یکساں ترقی کے وزیر اعظم کے ویژن کی عکاسی کرنا

## روزگار میلہ کی خدمات

- روزگار میلہ ملازمت کے متلاشی افراد کو ممکنہ آجرین اور دستیاب روزگار کے مواقع، بشمول خود روزگاری، کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔

- یہ تنظیموں کو ایک غیر رسمی ماحول میں ممکنہ ملازمین سے ملاقات کا موقع فراہم کرتا ہے۔
- یہ پروگرام ہنرمند امیدواروں کو براہ راست بھرتی کرنے والے افراد، انسانی وسائل کے منیجروں، داخلہ افسران، اور تربیت فراہم کرنے والوں سے جوڑتا ہے۔

## روزگار میلہ: سال بہ سال نمایاں جھلکیاں

- پہلا قومی روزگار میلہ | 22 اکتوبر 2022 کو اس افتتاحی تقریب کے دوران 75,000 سے زائد نئے بھرتی ہونے والوں کو تقرر نامے دیے گئے۔




- دوسرا قومی روزگار میلہ | 22 نومبر 2022

اس دوسرے شمارے میں، وزیر اعظم نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 45 سے زائد شہروں میں نئے بھرتی ہونے والوں کو تقریباً 71,000 تقرر نامے جاری کیے۔

- تیسرا قومی روزگار میلہ | 20 جنوری 2023

اس ایڈیشن میں وزیر اعظم نے مختلف سرکاری محکموں اور اداروں میں نئی بھرتیوں کے لیے 71,000 تقرری نامے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تقسیم کیے۔

- چوتھا قومی روزگار میلہ | 13 اپریل 2023

تھروانتھاپورم میں منعقدہ اس ایڈیشن کے دوران ملک بھر میں 45 مقامات پر 45 مختلف محکموں کے لیے تقریباً 71,000 تقرر نامے تقسیم کیے گئے۔



- پانچواں قومی روزگار میلہ | 16 مئی 2023

پانچواں ایڈیشن ممبئی، پونے اور ناندیڑ میں منعقد ہوا، جہاں 71,000 سے زائد تقرر نامے جاری کیے گئے۔

- چھٹا قومی روزگار میلہ | 13 جون 2023

چھٹا روزگار میلہ گوہاٹی میں منعقد ہوا، جس میں تقریباً 70,000 تقرر نامے تقسیم کیے گئے۔




- **قومی روز گار میلے کا تواں شمارہ|22جولائی2023**

روز گارمیلہ کے ساتویں مرحلے میں،وزیر اعظم نریندر مودی نے گوا سے ویڈیو کانفر نسنگ کے ذریعے ملک بھر کے 44مقامات کو جوڑتے ہوئے 70,000 سے زائد تقر رنامے تقسیم کیے۔

- **آٹھواں ایڈیشن قومی روز گار میلہ|28 گست 2023**

وزیر اعظم نے آٹھویں روز گار میلہ کے دوران، جوملک بھر میں 45 مقامات پر منعقد ہوا، ویڈیو کانفر نسنگ کے ذریعے 51,000 سے زائد تقرنامے تقسیم کیے۔اس موقع پر مر کزی مسلح پولیس فورسز (سی اے پی ایف ایس) جیسےکہ سینٹرل ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف)،بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف)،ششستر سیما بل (ایس ایس بی)، آسام رائفلز، سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس (سی آئی ایس ایف)،انڈو-تبت بارڈر پولیس (آئی ٹی بی پی)،نارکوٹکس کنٹرول بیورو (این سی بی) اور دہلی پولیس میں بھرتی کی گئی۔وزیر اعظم نے نئے تقررشدہ اہلکاروں کو 'امرت رکشک' کے لقب سے نوازا۔

- **نواں ایڈیشن قومی روز گار میلہ|26 ستمبر 2023**

نئے بھرتی ہونے والے افراد میں ویڈیو کانفر نسنگ کے ذریعے وزیر اعظم نریندر مودی نے تقریباً 51,000 تقرنامے تقسیم کیے۔نواں روز گار میلہ ملک بھر کے 46 مقامات پر منعقد ہوا۔

- **دسواں ایڈیشن قومی روز گار میلہ|28 کتوبر 2023**

دسویں نیشنل روز گار میلہ کے دوران، وزیر اعظم نے مختلف سر کاری محکموں اور اداروں میں بھرتی ہونے والے امیدواروں کو ویڈیو کانفر نسنگ کے ذریعے 51,000 سے زائد تقرنامے تقسیم کیے۔ نئے تقرر شدہ افراد کو اپنی مہارتیں بڑھانے کے لیے 'کرمیو گی پرارمبھ' کے تحت آئی گوٹ کرمایوگی پوٹل پر آن لائن تربیتی ماڈیولز تک رسائی دی گئی، جہاں 400 سے زائد ای-لرننگ کورسز کسی بھی وقت اور کسی بھی آلہ پر دستیاب ہیں۔

- **گیارہواں ایڈیشن نیشنل روز گار میلہ|30نومبر 2023**

وزیر اعظم نریندر مودی نے گیارہویں روز گار میلہ سے ویڈیو کانفر نسنگ کے ذریعے خطاب کیا اور تقریباً 51,000 تقر رنامے نئے بھرتی شدہ امیدواروں میں تقسیم کیے۔ یہ تقرریاں مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں میں کی گئیں، جن میں مرکزی کسٹمز اور ایکسائز ڈپارٹمنٹ، جی ایس ٹی ڈیپارٹمنٹ، سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس، مسلح فورسز، آئی ٹی بی پی، کیندریہ ودیالیہ سنگٹھن، انڈین پوسٹل ڈپارٹمنٹ، بینک آف انڈیا اور محکمہ صحت شامل ہیں۔




- **بارہواں ایڈیشن نیشنل روز گار میلہ | 12 فروری 2024**

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 1 لاکھ سے زائد تقرر نامے تقسیم کیے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے نئی دہلی میں "کرمایوگی بھون" کے فیز 1 کے لیے سنگِ بنیاد بھی رکھا۔

- **تیرہواں ایڈیشن نیشنل روز گار میلہ | 29 اکتوبر 2024**

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اس روزگار میلہ سے خطاب کیا اور ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سرکاری محکموں اور اداروں میں نئی تقرری حاصل کرنے والے نوجوانوں کو 51,000 سے زائد تقرر نامے دیے۔ وزیر اعظم نے نئے بھرتی شدہ افراد کو مبارکبادی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

- **چودہواں ایڈیشن نیشنل روز گار میلہ | 23 سمبر 2024**

چودھواں روزگار میلہ 23 سمبر 2024 کو ملک کے 45 مقامات پر منعقد ہوا۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اس موقع پر ورچوئل خطاب کیا اور مختلف سرکاری محکموں میں شامل ہونے والے نوجوانوں میں 71,000 سے زائد تقرر نامے تقسیم کیے۔

- **پندرہواں ایڈیشن نیشنل روز گار میلہ | 26 اپریل 2025**

26 اپریل 2025 کو وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے روز گار میلہ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے خطاب کیا اور مختلف سرکاری محکموں اور اداروں میں شامل ہونے والے نوجوانوں میں 51,000 سے زائد تقرر نامے دیے۔




## اختتامیہ

روز گار میلہ حکومت ہند کی ایک اہم پہل ہے، جس کا مقصد ملک بھر کے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع کو فروغ دینا ہے۔ یہ مہم روزگار کے متلاشی افراد کو براہِ راست آجروں سے جوڑتی ہے، جس سے بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے۔ ان میلوں کے ذریعے ہزاروں افراد کو تقرر نامے دیے جا چکے ہیں، جو حکومت کے روز گار کی تخلیق پر مرکوز عزم کا مظہر ہے۔

تربیتی اور مہارت سازی کے پروگرام بھی نئے بھرتی شدہ افراد کو ان کی ذمہ داریوں کے لیے تیار کرتے ہیں۔ روزگار میلہ ایک ہنرمند ورک فورس کی تشکیل اور بھارت کی ترقی کے عمل میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

حوالہ جات

وزیر اعظم کا دفتر

- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1870216
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2144191
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1877892
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1892383
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1924401
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1916109
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1924121
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1931879
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1941652
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1952836
- Press Release:Press Information Bureau
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1960744
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1972453
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=1981592
- https://pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2005170
- https://pib.gov.in/PressReleaseIframePage.aspx?PRID=2069104
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2143931
- https://www.pib.gov.in/PressReleaseIframePage.aspx?PRID=2069104
- https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2143931

PIB Backgrounders

- https://www.pib.gov.in/PressNoteDetails.aspx?NoteId=153379&ModuleId=3

Click here for pdf file.

******

ش ح۔ ش ار۔ ول

Uno- 2700

Others

Rozgar Mela Jobs, Skills, Growth

(Backgrounder ID: 154875)